© rasailojaraid.com

## فضیلۃ الشیخ محمد کلفوت سالم الراشدی حفظہ اللہ الدوحۃ، دولۃ قطر کی جامعہ میں تشریف آوری

مورخہ 2 جنوری 2004ء بروز جمعۃ المبارک فضیلۃ الشیخ محمد کلفوت سالم الراشدی حفظہ اللہ الدوحۃ، دولۃ قطر سے تین روزہ دورہ پر جامعہ علوم اُثریہ جہلم میں تشریف لائے۔ اس دوران انہوں نے جامعہ کی کلاسوں لائبریری اور رہائشی کمروں کا دورہ کیا۔ جامع مسجد اہلحدیث ڈھوک صوبیدار (جہلم) اور مختلف مساجد اہلحدیث کا دورہ کر کے مورخہ 5 جنوری 2004ء بروز سوموار واپس تشریف لے گئے۔

## فضیلۃ الشیخ سعید محمد احمد حفظہ اللہ راس الخیمہ الامارات العربیۃ المتحدہ کی وفد کے ہمراہ جامعہ میں آمد

مورخہ 6 جنوری بروز منگل فضیلۃ الشیخ سعید محمد احمد حفظہ اللہ راس الخیمہ الامارات العربیۃ المتحدہ وفد کے ہمراہ جامعہ میں تشریف لائے۔ شیخ موصوف نے وفد کے ہمراہ جامعہ کی کلاسوں، لائبریری اور رہائشی کمروں کا دورہ کیا۔ بعد ازاں نئی تعمیر شدہ جامع مسجد اہلحدیث گوجرانوالہ دیکھنے کیلئے روانہ ہو گئے۔

## دعائے صحت

شیخ الحدیث جامعہ علوم اثریہ مولانا محمد اکرم جمیل صاحب کے ماموں زاد بھائی اور مولانا حبیب الرحمٰن یزدانی مرحوم کے چھوٹے بھائی جناب مشتاق احمد یزدانی صاحب عرصہ سے شدید بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## وفیات

## شہزادہ طلال بن عبدالعزیز کا سانحۂ ارتحال

گزشتہ دنوں خادم حرمین شریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز حفظہ اللہ کے بھائی طلال بن عبدالعزیز جو ایک ممتاز تاجر اور جریدہ (نواصل) کے مدیر اعلیٰ تھے۔ الجزائر کے صحرا میں شکار کھیلتے ہوئے شرپسندوں کے حملہ سے دوسرے چند ساتھیوں سمیت جاں بحق ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ خصوصی انتظامات کے ذریعے مرحوم کی میت سعودی عرب لائی گئی اور نماز جنازہ کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جنت میں بلند مقام عطا فرمائے۔

ادارہ مرحوم کی مغفرت تامہ، بلندی درجات اور سعودی خاندان کیلئے اس صدمہ میں صبر جمیل کی دعا کرتا ہے۔ آخر میں یہ مطالبہ کرتا ہے کہ حکومت الجزائر مجرموں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دے۔

## چوہدری محمد امین صاحب آف راولپنڈی کو صدمہ

مرکزی جمعیت اہلحدیث راولپنڈی کے ممتاز راہنما چوہدری محمد امین صاحب کے بڑے بھائی چوہدری محمد یونس صاحب مورخہ 19 دسمبر 2003ء بروز جمعۃ المبارک وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے نیک متقی اور پرہیز گار تھے۔ راولپنڈی میں ان کی نماز جنازہ میں عوام نے بھاری تعداد میں شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کو معاف فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

## ماسٹر محمد اقبال قریشی صاحب کو صدمہ

مسجد عمر فاروق اہلحدیث کے صدر جناب ماسٹر محمد اقبال قریشی صاحب کی ہمشیرہ مورخہ 14 دسمبر بروز اتوار طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ مرحومہ بڑی پرہیز گار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ بلال ٹاؤن میں مولانا محمد اصغر صاحب مدرس جامعہ علوم اثریہ نے پڑھائی۔

## محمد یعقوب صاحب و برادران کو صدمہ

مورخہ 4 رمضان المبارک بروز جمعۃ المبارک محمد یعقوب صاحب کے والد گرامی جناب محمد شریف صاحب وفات پا گئے۔ مرحوم جامع مسجد السلومی اہلحدیث کریم پورہ کے مستقل نمازی تھے۔ جب تک صحت تھی نماز باجماعت ادا کرتے رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کو معاف فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ مرحوم کی نماز جنازہ اسلامیہ ہائی سکول جہلم میں مولانا قطب شاہ صاحب مدرس جامعہ علوم اثریہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین


© rasailojaraid.com